سوال

(183) روزے کی حالت میں قے کا آنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

روزہ کی حالت میں کسی کو خود بخود قے ہو جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ وہ اس روزہ کی قضا کرے یا نہ کرے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روزہ کی حالت میں خود بخود قے ہو جانے سے روزہ کی قضا نہیں، لیکن اگر کسی نے عمداً قے کیا ہے تو اسے اس روزہ کی قضا کرنی ہوگی، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

"جسے خود بخود قے ہو جائے اس پر قضا نہیں، اور جس نے عمداً قے کی اس پر قضا ہے۔"

اس حدیث کو امام احمد نیز اصحاب سنن اربعہ (ابوداؤد، نسائی، ترمذی اور ابن ماجہ) نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے طریق سے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الصیام، صفحہ: 241

محدث فتویٰ